aglasem.com

FOR TS CLASS 11 PREPARATION

TS Inter 1st Year Model Paper 2027 Urdu

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
TS Class 11	2027	Sample Paper	Urdu

Board of Intermediate Education - Telangana

Part - II

URDU PAPER - I
(SECOND LANGUAGE)

Model Question Paper

(w.e.f 2026-2027)

Time: 3 Hours | Max. Marks 80

I. مندرجہ ذیل سے مشکل الفاظ کے معنی لکھیے اور کوئی ایک حصہ مکمل کیجئے۔ 1x4=4

1. آ فا ق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری

.....

.....

کچھ رنگ بیاں حالؔی ہے سب سے جدا تیرا

2. حیات بخش ترانے اسیر ہیں کب سے

.....

.....

گزر بھی جا کہ ترا انتظار کب سے ہے

2. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دس سطروں میں لکھیے۔ 1x5=5

1. شاعر نے حمد میں خدا کی حمد وثنا کن الفاظ میں کی ہے؟
2. نظم ''آہستہ گزر'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

3. مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دس سطروں میں لکھیے۔ 1x5=5

1. حکایت ''چادر دیکھ کر پاؤں پھیلاؤ'' کو اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔
2. ذیل کے کرداروں پر ایک نوٹ لکھئے۔

(1) منصور (2) رخشاں

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1. کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

2. برسوں میں کبھی ان سے ملاقات ہوئی ہے
مشکل سے نگاہوں میں کوئی بات ہوئی ہے

3. دردمنت کش دوا نہ ہوا
میں نہ اچھا ہوا، برا نہ ہوا

4. چھوڑا نہ کہیں ساتھ حوادث طلبی نے
ساحل پہ بھی طوفان سے ملاقات ہوئی ہے

5. متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1. ''ہم تو خزانے کے مالک ہو گئے مگر تم مفلس ہی رہے''
2. ''بس بس بار بار ملک کی دہائی کیوں دیتے ہو بابا؟''
3. ''میں تنہائی کے گوشے میں سائنسدان کی طرح عمر بسر کرنے کے حق میں ہوں۔
4. ''میرے نزدیک خاکہ نگاری تو دودھاری تلوار ہے ذرا پینترا ٹیڑھا ہوا اور کہنے والا دھم سے نیچے آرہا۔''

6. مندرجہ ذیل سے کسی دو سوالوں کے جواب چار سطروں میں لکھیے۔ 2x2=4

1. حکایت کی تعریف کیجئے۔
2. کریم کا جاسوسوں کے ساتھ کیا لین دین ہوتا تھا؟
3. سرسی وی رمن کی اہم سائنسی تحقیق کونسی ہے؟
4. جیلانی بانو کہانی لکھنے کے لیے پہلے جملے کو کیوں زور دیتی تھیں لکھیے۔

7. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں لکھیے۔ 5x1=5

1. مخدومؔ کے کسی ایک شعری مجموعہ کا نام لکھئے۔
2. سکندر علی وجدؔ کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟
3. غالب کا مکمل نام کیا ہے؟
4. حمد سرا کون ہے؟
5. اوج یعقوبی کو کون سا خطاب دیا گیا؟

8. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں تحریر کیجیے۔ 5x1=5

1. پیغمبروں کی میراث کیا ہے؟
2. اقبال مجید کے پہلے افسانے کا نام کیا ہے؟
3. سرسی وی رمن کو کون کون سے ایوارڈ ملے۔
4. غزالہ کی امی کیوں شادی کے لئے پریشان رہتی ہیں؟
5. جیلانی بانو کی شادی کس مشہور ادیب سے ہوئی تھی؟

9. ذیل میں سے کسی پانچ سوالات کے جواب چار سطروں میں لکھیے۔ 5x2=10

1. فاروق اعظمؓ کے انصاف کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟
2. جھینگر اور بدھو کے درمیان بھیڑوں کے چرنے کے معاملے میں کیا تنازعہ ہوا؟
3. کہانی ''آخری قدم'' میں نیک آدمی کی اعلیٰ صفات بیان کیجئے۔
4. مصنف کو مخالف ٹیم کے کھلاڑی کیسے نظر آئے؟
5. ڈاکٹر ذاکر حسین کے حالاتِ زندگی اور ادبی خدمات بیان کیجئے۔
6. مصنف نے کبڈی کھیل کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟
7. شیخ عبدالقادر جیلانی نے یہودی کو کس طرح آزاد کر دیا؟
8. جھینگر اور بدھو کی آخر میں جو دوستی قائم ہوئی اس سے تمہیں کیا سبق حاصل ہوا؟

10. مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔ 6x1=6

''قوم کے معمارو! آج کا یہ کھیل آپ لوگوں کے حق میں ایک ریفریشر کورس (Refresher Course) کی حیثیت رکھتا ہے۔ غالباً آپ لوگ بھول چکے ہوں گے کہ اس کھیل میں کھلاڑی مرتا بھی ہے۔ اور زندہ بھی ہوتا ہے۔ دوسرے معنیٰ میں ریفری کی حیثیت (خود کو بتا کر) حضرت عیسیٰ کی سی ہے جن کے ''قُم'' کہنے پر مردہ جی اٹھتا تھا۔ لہٰذا آج تمہیں مرنا بھی ہے اور زندہ بھی ہونا ہے۔''

کبڈی کی اصطلاحات کو تاریخ و جغرافیہ پر منطبق کرتے ہوئے مزید کہا'' کورٹ کی سنٹر لائین کو دونوں ملکوں کی سرحد سمجھو اور بک لائین (Buck Line) کو ایک دریا سمجھو جسے عبور کر کے حملہ کرنا ضروری ہے۔ ورنہ سیلف اوٹ (Self Out) قرار دیئے جاؤ گے ''(سلف اوٹ کا مطلب۔ انھوں نے ''خودکشی'' بتایا)

مندرجہ بالا عبارت پڑھ کر جوابات تحریر کیجئے۔

1. مصنف کس کھیل کی بات کر رہا ہے؟
2. اس عبارت میں کس پیغمبر کا ذکر ملتا ہے؟
3. لفظ ''قُم'' کا مطلب بتایئے۔
4. دونوں ملکوں کی سرحد کو مصنف نے کس لائین سے تعبیر کیا؟
5. سلف اوٹ کا مطلب کیا بتایا گیا؟
6. کبڈی کی اصطلاحات کو کس پر منطبق کیا گیا ہے۔

11. ہر حصہ سے تین سوالات کے جواب لکھیے۔ 6x1=6

(الف) صرف ایک جملہ میں جواب لکھیے۔

1. مرکب حروف کتنے ہیں اور وہ کون سے ہیں؟
2. کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں اور وہ کون سی ہیں؟
3. اسم خاص کی تعریف کرو اور مثالیں دو؟
4. ضمیر کی تعریف کیجئے اور مثال بھی دیجئے۔
5. صفت مقداری کو مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔
6. جنسِ حقیقی سے کیا مراد ہے؟

(ب) ذیل کے بیانات پر صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگائیے۔

1. ''ہم نے کل لذیذ آم کھائے ہیں'' فعل مستقبل کی مثال ہے ( )
2. ''شیر بہادر جانور ہے'' صفت ذاتی کی مثال ہے ( )
3. یہ کتاب ہے، ضمیر اشارہ کی مثال ہے۔ ( )
4. ''کلیم اللہ'' خطاب ہے ( )
5. ''کا۔کی۔کے۔نے'' حرفِ ربط ہے ( )
6. ''السلام'' حرف شمسی ہے ( )

12. ذیل میں سے چھ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھیے۔ 6x1=6

1. شہزادی 2. جوگی 3. ادیب 4. بندر 5. بکرا
6. معلم 7. مرغا 8. ہتھنی 9. بنجارن 10. مالن

13. ہر حصہ سے تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6x1=6

(الف) ذیل میں سے تین کے صحیح جوڑ بنایئے۔

(الف)		(ب)
1. خواجہ الطاف حسین	( )	(الف) وجد
2. ابوسعید محمد محی الدین	( )	(ب) اوج یعقوبی
3. مرزا اسداللہ خان	( )	(ج) مخدوم
4. سکندر علی وجد	( )	(د) حالی
5. عبدالقدیم	( )	(ھ) غالب

(ب) ذیل میں سے تین اسباق کے مصنفین کا نام بتایئے۔

1. انوکھی سازش - _____
2. جیلانی بانو - _____
3. ڈاکٹر سی۔وی۔رمن - _____
4. حکایاتِ سعدی - _____
5. ہیرا - _____

14. مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین جملوں کو صحیح کیجئے۔ 3x1=3

1. انار کا چودہ دانے ہیں
2. محمود نے شیر ماری
3. امجد کام کر رہی ہے
4. جنگل ہری ہے
5. بارش ہو رہا ہے
6. میں نے خط لکھی

15. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین انگریزی عبارتوں کا اُردو میں ترجمہ کیجئے۔ 3x1=3

1. I like to read books
2. I will go to the market tommorow
3. I wrote a letter yesterday
4. They will cook lunch tommorrow
5. They will attend the wedding next month

☆☆☆